92. Never shall you attain the righteousness until you spend from that which you love. And whatever you spend of anything, then indeed Allah is All Aware of it.	۞ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۬ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۹۲﴾	ہرگز نہیں پہنچ سکتے تم نیکی کو جب تک کہ نہ خرچ کرو (اللہ کی راہ میں) اس میں سے جو تم محبوب رکھتے ہو اور جو بھی خرچ کرتے ہو تم کوئی چیز، تو بے شک اللہ اس سے باخبر ہے ﴿۹۲﴾
93. All food was lawful to the Children of Israel, except that which Israel (Jacob) had made unlawful to himself before that the Torah was revealed. Say: (O Muhammad): "So bring the Torah and read it (to us) if you are truthful."	كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِيْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۹۳﴾	ہر قسم کا کھانا تھا حلال بنی اسرائیل کے لیے مگر وہ جو حرام کر لیا تھا اسرائیل نے خود اپنے اُوپر قبل اس کے کہ نازل کی گئی تورات، کہو کہ لاؤ تورات اور اُسے پڑھو، اگر ہو تم سچے ﴿۹۳﴾
94. Then whoever shall invent a lie against Allah after that, then they are those who are the wrong doers.	فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۹۴﴾	پھر جو کوئی خود گھڑ کر منسوب کرے گا اللہ کی طرف جھوٹی بات اس کے بعد بھی تو ایسے ہی لوگ ظالم ہیں ﴿۹۴﴾
95. Say: "Allah speaks the truth. So follow the religion of Abraham, firm in faith. And He was not of those who associate partners (with Allah)."	قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۟ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۵﴾	کہہ دو سچ فرمایا اللہ نے پس پیروی کرو دینِ ابراہیمؑ کی جو سب سے کٹ کر اللہ کا ہو رہا اور نہ تھا وہ مشرکوں میں سے ﴿۹۵﴾
96. Certainly, the first House (of worship) appointed for mankind was that at Becca (Mecca), blessed, and a guidance for the worlds.	اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۶﴾	بے شک پہلا گھر جو بنایا گیا (عبادت گاہ) لوگوں کے لیے یقیناً وہی ہے جو مکہ میں ہے، برکت والا اور مرکزِ ہدایت تمام جہان والوں کے لیے ﴿۹۶﴾

97. In it are manifest signs, the station of Abraham. And whoever enters it attains security. And (a duty) mankind owes to Allah is the pilgrimage to (this) House, whoever can afford the journey to there. And he who disbelieves, then indeed, Allah is free from needs of the worlds.	فِيْهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ ۚ۬ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ؕ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ؕ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۷﴾	اس میں ایسی نشانیاں ہیں جو (اپنی صداقت کی) خود گواہ ہیں، مقامِ ابراہیمؑ ہے اور (یہ بات کہ) جو داخل ہُوا اس میں ہو گیا اُسے امن اور اللہ کا حق ہے لوگوں پر کہ حج کرے اس کے گھر کا ہر وہ شخص جو استطاعت رکھتا ہو اس تک پہنچنے کی اور اگر کوئی انکار کرے تو بے شک اللہ بے نیاز ہے سب جہاں والوں سے ﴿۹۷﴾
98. Say: "O People of the Scripture, why do you disbelieve in the revelations of Allah, and Allah (Himself) is witness over what you do."	قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۸﴾	کہو! اے اہلِ کتاب کیوں انکار کرتے ہو تم ماننے سے اللہ کی آیات کو جبکہ اللہ دیکھ رہا ہے ان کرتوتوں کو جو تم کر رہے ہو؟ ﴿۹۸﴾
99. Say: "O People of the Scripture, why do you hinder from the way of Allah those who believed, seeking to make it deviant, and you are witnesses (to Allah's guidance). And Allah is not unaware of what you do."	قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّاَنْتُمْ شُهَدَآءُ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۹﴾	کہو! اے اہلِ کتاب آخر کیوں روکتے ہو تم اللہ کی راہ سے ہر اس شخص کو جو ایمان لاتا ہے چاہتے ہو تم (کہ چلے وہ) راہ ٹیڑھی حالانکہ تم خود گواہ ہو (کہ سیدھی راہ یہی ہے) اور نہیں ہے اللہ غافل ان حرکتوں سے جو تم کرتے ہو ﴿۹۹﴾
100. O you who believe, if you obey a party of those who were given the Scripture, they would turn you back to disbelievers after you have believed.	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۰﴾	اے لوگو! جو ایمان لائے ہو اگر تم مانو گے کہا بعض لوگوں کا ان میں سے جنہیں دی گئی ہے کتاب تو پھیر دیں گے یہ تم کو (تمہارے دین سے) (اور ہو جاؤ گے تم) بعد ایمان لانے کے پھر کافر ﴿۱۰۰﴾

101. And how can you disbelieve, while unto you are recited the verses of Allah, and among you is His messenger. And whoever holds firmly to Allah, then he is indeed guided to a right path.	وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ وَاَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَفِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ ؕ وَمَنْ يَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِىَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾	اور بھلا کیسے کفر اختیار کر سکتے ہو تم جبکہ تم تو وہ ہو کہ پڑھ کر سُنائی جاتی ہیں تمہیں اللہ کی آیات اور تمہارے درمیان موجود ہے اللہ کا رسولؐ اور جس نے تھام لیا مضبوطی سے اللہ کا دامن تو ضرور ہدایت پا گیا وہ سیدھے راستے کی ﴿۱۰۱﴾
102. O you who believe, fear Allah as rightfully He should be feared, and do not die except that you are in (the state of) submission (to Allah).	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾	اے ایمان والو! ڈرو اللہ سے جیسا کہ حق ہے اس سے ڈرنے کا اور ہرگز نہ موت آئے تم کو مگر اس حال میں کہ تم مسلم ہو ﴿۱۰۲﴾
103. And hold firmly, to the rope of Allah (the Quran) all together, and do not become divided. And remember the favor of Allah upon you, when you were enemies, then He put love between your hearts so you became as brothers by His grace. And you were upon the edge of a pit of fire, then He saved you from it. Thus Allah makes clear His revelations to you, that you may be guided.	وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا ۠ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا ۚ وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾	اور مضبوطی سے تھام لو تم اللہ کی رسّی کو سب مِل کر اور فرقہ بندی نہ کرو اور یاد کرو احسان اللہ کا جو اس نے تم پر کیا کہ تھے تم (آپس میں) دُشمن پھر الفت پیدا کر دی اس نے تمہارے دلوں میں سو ہو گئے تم اللہ کے فضل و کرم سے بھائی بھائی اور تھے تم (کھڑے) کنارے پر آگ سے بھرے گڑھے کے سو بچا لیا اللہ نے تم کو اس سے اس طرح کھول کھول کر بیان کرتا ہے اللہ تمہارے لیے اپنی آیات تاکہ تم رہنمائی حاصل کرو ﴿۱۰۳﴾
104. And let there be (arising) from you a nation inviting to good, and enjoining to right, and forbidding from wrong. And such are those who will be the successful.	وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾	اور چاہیے کہ رہے تم میں (ہمیشہ) ایک جماعت ایسے لوگوں کی جو دعوت دیتے رہیں نیکی کی طرف اور حکم دیں اچھے کاموں کا اور منع کریں بُرے کاموں سے اور یہی لوگ ہیں درحقیقت فلاح پانے والے ﴿۱۰۴﴾

105. And do not be like those who became divided, and differed after that which had come to them of the clear proofs. And those, for them is a great punishment.	وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۙ﴿۱۰۵﴾	اور نہ ہو جانا تم ان لوگوں کی طرح جو فرقوں میں بٹ گئے اور اختلاف میں مُبتلا ہو گئے اس کے بعد بھی کہ آ چکے تھے اُن کے پاس واضح احکام اور یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے ہے عذابِ عظیم ﴿۱۰۵﴾
106. On the Day (some) faces will be white, and (some) faces will be black. Then as for those whose faces will become black, (it will be said to them): "Did you disbelieve after your belief. Then taste the punishment for what you used to disbelieve."	يَّوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ ۫ اَكَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۱۰۶﴾	اس دن جب روشن ہوں گے کچھ چہرے اور سیاہ ہوں گے کچھ چہرے، سو وہ لوگ کہ سیاہ ہوں گے اُن کے چہرے (ان سے کہا جائے گا) اچھا! تم ہو جنہوں نے کفر کیا تھا ایمان لانے کے بعد سو چکھو اب مزا عذاب کا بدلے میں اس کفر کے جو تم کرتے رہے ہو ﴿۱۰۶﴾
107. And as for those whose faces will become white, so (they will be) in the mercy of Allah. They shall abide forever therein.	وَاَمَّا الَّذِيْنَ ابْيَضَّتْ وُجُوْهُهُمْ فَفِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۷﴾	رہے وہ لوگ کہ روشن ہوں گے چہرے ان کے سو ہوں گے وہ اللہ کی رحمت میں اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۱۰۷﴾
108. These are the verses of Allah, We recite them to you (O Muhammad) in truth. And Allah wants no injustice to the worlds (His creatures).	تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ؕ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۸﴾	یہ آیات ہیں اللہ کی جو پڑھ کر سُنا رہے ہیں ہم تمہیں ٹھیک ٹھیک اور اللہ نہیں چاہتا کہ ظلم ہو اہلِ جہان پر ﴿۱۰۸﴾
109. And to Allah belongs whatever is in the heavens and whatever is on the earth. And to Allah will matters be returned.	وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۱۰۹﴾	اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور جو کچھ ہے زمین میں اور اللہ کے حضور پیش ہوتے ہیں سب معاملات ﴿۱۰۹﴾

110. You are the best nation raised up for mankind. You enjoin to right, and forbid from wrong, and you believe in Allah. And if the People of the Scripture had believed, it would have been better for them. Among them are believers, and most of them are disobedient.	كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ وَاَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۱۰﴾	تم ہو (اے مسلمانو! وہ) بہترین اُمّت جسے پیدا کیا گیا ہے انسانوں (کی رہنمائی) کے لیے حکم دیتے ہو تم اچھے کاموں کا اور منع کرتے ہو بُرے کاموں سے اور ایمان رکھتے ہو اللہ پر اور اگر کہیں ایمان لے آتے اہلِ کتاب بھی (قرآن و رسُولؐ پر) تو ہوتا بہت بہتر اُن کے حق میں، ان میں سے تھوڑے ہیں جو مومن ہیں اور زیادہ ان میں سے فاسق ہیں ﴿۱۱۰﴾
111. They will never harm you except a trifling hurt. And if they fight against you, they will turn on their backs. Then afterwards they will not be helped.	لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّاۤ اَذًى ؕ وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ۫ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۱﴾	ہرگز نہ بگاڑ سکیں گے یہ تمہارا کچھ بھی سوائے ستانے کے اور اگر جنگ کریں گے تم سے تو پھیر جائیں گے پیٹھ پھر ان کو مدد بھی نہ ملے گی ﴿۱۱۱﴾
112. Humiliation has been laid over them (by Allah) wherever they are found, except for a rope (covenant) from Allah, and a rope (treaty) from the people. And they have drawn on themselves the wrath of Allah, and the destitution is laid upon them. That is because they used to disbelieve in the revelations of Allah, and killed the prophets without right. That is because they disobeyed and used to transgress.	ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْۤا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿۱۱۲﴾	پڑ گئی مار ان پر ذلّت کی جہاں بھی پائے جائیں گے الّا یہ کہ پناہ میں آجائیں اللہ کی یا پناہ میں آجائیں انسانوں میں سے کسی کی اور گھر گئے وہ غضب میں اللہ کے اور پڑ گئی مار اُن پر محتاجی کی یہ اس لیے ہوا کہ وہ انکار کرتے تھے اللہ کی آیات کا اور قتل کرتے تھے نبیوں کو ناحق۔ اس کا سبب یہ تھا کہ وہ نافرمان تھے اور حد سے بڑھ جاتے تھے ﴿۱۱۲﴾

113. They are not all alike. Among the People of the Scripture (there is) a community standing (right), they recite the verses of Allah during the hours of the night, and they prostrate.	لَيْسُوْا سَوَآءً ؕ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَآئِمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ الَّيْلِ وَهُمْ يَسْجُدُوْنَ ﴿۱۱۳﴾	نہیں ہیں سب (اہلِ کتاب) ایک جیسے اہلِ کتاب میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو قائم ہیں (راہِ راست پر) تلاوت کرتے ہیں اللہ کی آیات کی رات کی گھڑیوں میں اور وہ سربسجود رہتے ہیں ﴿۱۱۳﴾
114. They believe in Allah, and the Last Day, and they enjoin to right, and they forbid from wrong, and they hasten one another in good deeds. And those are among the righteous.	يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ ؕ وَ اُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۴﴾	ایمان رکھتے ہیں اللہ پر اور روزِ آخرت پر اور حکم دیتے ہیں نیک کاموں کا اور منع کرتے ہیں بُرے کاموں سے اور سرگرم رہتے ہیں بھلائی کے کاموں میں اور یہ نیک لوگوں میں سے ہیں ﴿۱۱۴﴾
115. And whatever of good they do, never will it be rejected of them. And Allah is All Aware of those who fear (Him).	وَمَا يَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾	اور جو بھی کریں گے یہ کوئی نیکی تو ہرگز نہ کی جائے گی ناقدری اس کی اور اللہ خُوب جانتا ہے ان لوگوں کو جو اس سے ڈرتے ہیں ﴿۱۱۵﴾
116. Certainly, those who disbelieve, neither their wealth, nor their children will avail them against Allah at all. And they are the dwellers of the Fire. They will abide therein.	اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِىَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْئًا ؕ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۱۶﴾	بے شک وہ لوگ جنہوں نے کفر اختیار کیا ہرگز نہ بچا سکیں گے ان کو ان کے مال اور نہ ان کی اولاد اللہ (کی گرفت) سے ذرا بھی اور یہ لوگ دوزخی ہیں، یہ اس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۱۱۶﴾

117. The example of that which they spend in this life of the world is as the example of a wind with frost in it, which struck the harvest of a people who have wronged themselves, then destroyed it. And Allah wronged them not, but they do wrong to themselves.	مَثَلُ مَا يُنْفِقُوْنَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيْحٍ فِيْهَا صِرٌّ اَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَاَهْلَكَتْهُ ۭ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۷﴾	مثال اس کی جو خرچ کرتے ہیں یہ لوگ اس دُنیادی زندگی میں اس ہوا کی سی ہے جس میں ہو سخت سردی، جو چلے کھیتی پر، ایسے لوگوں کی جنہوں نے ظلم کیا ہو اپنی جانوں پر اور برباد کر دے وہ اس کھیتی کو اور نہیں کیا ظلم ان پر اللہ نے بلکہ وہ تو خود اپنے اُوپر ظلم کرتے ہیں ﴿۱۱۷﴾
118. O you who believe, do not take as intimates other than (among) yourselves, they would not spare you (any) ruins. They love that which distresses you. Indeed, the hatred appears by (the utterance of) their mouths, and that which their breasts hide is even greater. We have certainly made plain for you the revelations, if you will understand.	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا يَاْلُوْنَكُمْ خَبَالًا ۭ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ ۚ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَاۗءُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۚ وَمَا تُخْفِيْ صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُ ۭ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾	اے ایمان والو! مت بناؤ رازدار (کسی کو) اپنوں کے سوا نہیں اُٹھا رکھیں گے وہ کوئی کسر تمہیں نقصان پہنچانے میں، محبوب رکھتے ہیں وہ ہر اس بات کو جو مصیبت میں مُبتلا کرے تمہیں پھوٹا پڑتا ہے بغض و عناد ان کے مونہوں سے اور جو کچھ چھپائے ہُوئے ہیں اُن کے سینے، وہ اس سے کہیں بڑھ کر ہے بے شک کھول کھول کر بیان کر دی ہیں ہم نے تمہارے لیے نشانیاں اگر تم عقل رکھتے ہو ﴿۱۱۸﴾

119. Here you are those, you love them, and they do not love you, and you believe in all the Scripture. And when they meet with you, they say: "We believe," and when they are alone, they bite (their) fingertips at you in rage. Say: "Die in your rage." Certainly, Allah is All Aware of what is in the breasts.	هَآ اَنْتُمْ اُولَآءِ تُحِبُّوْنَهُمْ وَلَا يُحِبُّوْنَكُمْ وَتُؤْمِنُوْنَ بِالْكِتٰبِ كُلِّهٖ ۚ وَاِذَا لَقُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۖۚ وَاِذَا خَلَوْا عَضُّوْا عَلَيْكُمُ الْاَنَامِلَ مِنَ الْغَيْظِ ۭ قُلْ مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۱۹﴾	یہ تم ہو ایسے کہ دوست رکھتے ہو اُن کو جبکہ نہیں پسند کرتے وہ تمہیں اور ایمان رکھتے ہو تم سب کتابوں پر اور (ان کی حالت یہ ہے کہ) جب ملتے ہیں تم سے تو کہتے ہیں کہ ایمان لائے ہم بھی اور جب خلوت میں ملتے ہیں (باہم) تو چبانے لگتے ہیں تم پر اپنی انگلیاں مارے غصے کے۔ کہہ دو! جل مرو تم اپنے غصے میں، بے شک اللہ خُوب جانتا ہے اس (بغض وعناد) کو جو ہے سینوں میں ﴿۱۱۹﴾
120. If any good happens to you, it grieves them, and if any misfortune befalls you, they rejoice at it. And if you are patient and fear (Allah), their plot will not harm you at all. Surely, Allah is surrounding that which they do.	اِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۡ وَاِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا بِهَا ۭ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـــًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۱۲۰﴾	اگر چھو بھی جاتی ہے تم کو کوئی بھلائی تو بُرا لگتا ہے اُنہیں اور اگر پہنچتی ہے تم کو کوئی تکلیف تو وہ خوش ہوتے ہیں اس پر اور اگر تم صبر سے کام لو اور تقویٰ اختیار کرو تو نہ نقصان پہنچائیں گی تم کو اُن کی چالیں ذرا بھی، بے شک اللہ ان کرتوتوں کا جو یہ کر رہے ہیں پُوری طرح احاطہ کیے ہوئے ہے ﴿۱۲۰﴾
121. And when you (O Muhammad) left your household at daybreak to assign to the believers the positions for the battle. And Allah is All Hearer, All Knower.	وَاِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۱﴾	اور جب صُبح سویرے نکلے تھے تم اپنے گھر سے مامور کرنے کے لیے مومنوں کو جنگی مورچوں پر اور اللہ سب کچھ سُن رہا تھا، ہر بات سے باخبر تھا ﴿۱۲۱﴾
122. When two parties among you were about to lose courage, and Allah was their protecting friend. And upon Allah let the believers put their trust.	اِذْ هَمَّتْ طَّاۗىِٕفَتٰنِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا ۙ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ۭ وَعَلَي اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۲﴾	جب قصد کیا تھا دو گروہوں نے تم میں سے بزدلی دکھانے کا حالانکہ اللہ ان کا حامی و مددگار تھا اور محض اللہ ہی پر چاہیے کہ بھروسہ کریں مومن ﴿۱۲۲﴾

123. And Allah had already given you the victory at Badr, while you were weak. So fear Allah that you may be grateful.	وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّ اَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾	اور بلاشبہ مدد کر چکا تھا تمہاری اللہ غزوۂ بدر میں حالانکہ تم (اس وقت) بہت کمزور تھے سو ڈرو اللہ سے تاکہ تم شکر ادا کرسکو (اس کے اس احسان کا) ﴿۱۲۳﴾
124. When you said to the believers: "Is it not sufficient for you that your Lord should support you with three thousand angels sent down."	اِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ اَنْ يُّمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُنْزَلِيْنَ ﴿۱۲۴﴾	جب کہہ رہے تھے تم مومنوں سے، کیا نہیں کافی ہے تمہارے لیے یہ کہ مدد دے تم کو تمہارا رب تین ہزار فرشتوں سے جو اتارے جائیں (آسمان سے) ﴿۱۲۴﴾
125. "Nay but, if you are patient, and fear (Allah), and they (the enemy) come to you suddenly, your Lord will help you with five thousand angels having marks (of distinction)."	بَلٰٓى ۙ اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ ﴿۱۲۵﴾	ہاں کیوں نہیں اگر تم ثابت قدم رہو اور تقویٰ اختیار کرو اور آپڑے تمہارا دشمن تم پر اچانک تو مدد دے گا تم کو تمہارا رب پانچ ہزار فرشتوں سے جو خاص نشان لگائے ہوئے ہوں گے ﴿۱۲۵﴾
126. And Allah did not make it but as a good tidings for you, and that your hearts might be reassured thereby. And there is no victory except from Allah, the All Mighty, the All Wise.	وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ ۚ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۱۲۶﴾	اور نہیں بنایا اس کو اللہ نے مگر خوشخبری تمہارے لیے اور تاکہ مطمئن ہو جائیں دل تمہارے اس سے، اور نہیں ہے فتح و نصرت مگر اللہ کی طرف سے جو سب پر غالب، بڑی حکمت والا ہے ﴿۱۲۶﴾
127. That He might cut off a section of those who disbelieve, or suppress them, so that they turn back, frustrated.	لِيَقْطَعَ طَرَفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا خَآئِبِيْنَ ﴿۱۲۷﴾	(یہ مدد اس لیے تھی) تاکہ کاٹ دے اللہ ایک حصہ ان لوگوں کا جنہوں نے کفر کیا یا ذلیل کر دے انہیں، پس لوٹ جائیں وہ ناکام و نامراد ﴿۱۲۷﴾

128. Not for you at all (O Muhammad, but for Allah) is the decision, whether He should forgive them or punish them, then indeed they are wrongdoers.	لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿١٢٨﴾	نہیں ہے تمہیں اس معاملہ میں (اختیار) ذرا بھی (سارا اختیار اللہ کے پاس ہے) چاہے تو وہ توبہ قبول کرلے ان کی اور چاہے تو عذاب دے اُنہیں کیونکہ بلاشبہ وہ ظالم ہیں ﴿١٢٨﴾
129. And to Allah belongs whatever is in the heavens and whatever is on the earth. He forgives whom He wills, and punishes whom He wills. And Allah is Oft Forgiving, Most Merciful.	وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٢٩﴾	اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور جو کچھ ہے زمین میں بخش دے جسے چاہے اور عذاب دے جسے چاہے اور اللہ تو ہے ہی بڑا معاف کرنے والا، بہت رحم کرنے والا ﴿١٢٩﴾
130. O you who believe, devour not usury, doubling, and multiplying (many folds). And fear Allah, that you may be successful.	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰوٓا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۠ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿١٣٠﴾	اے لوگو جو ایمان لائے ہو! مت کھاؤ سُود دوگنا چوگنا، بڑھتا چڑھتا اور ڈرو اللہ سے تاکہ تم فلاح پاؤ ﴿١٣٠﴾
131. And fear the Fire, which is prepared for the disbelievers.	وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْٓ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿١٣١﴾	اور بچو اس آگ سے جو تیار کی گئی ہے کافروں کے لیے ﴿١٣١﴾
132. And obey Allah and the messenger, that you may obtain mercy.	وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿١٣٢﴾	اور اطاعت کرو اللہ کی اور رسُول کی تاکہ تم پر رحم کیا جائے ﴿١٣٢﴾
133. And hasten to forgiveness from your Lord, and a garden (Paradise) as wide as the heavens and the earth, prepared for those who fear (Allah).	وَسَارِعُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿١٣٣﴾	اور لپکو مغفرت کی طرف اپنے رب کی اور (جنت کی طرف) جس کی وسعت آسمانوں اور زمین (جیسی) ہے وہ تیار کی گئی ہے متقیوں کے لیے ﴿١٣٣﴾

134. Those who spend (in the cause of Allah) in ease and adversity, and those who restrain anger, and those who forgive mankind. And Allah loves those who do good.	الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٣٤﴾	(متقی وہ ہیں) جو خرچ کرتے ہیں خوشحالی میں اور تنگی میں اور پی جانے والے ہیں غصے کو اور معاف کر دینے والے ہیں لوگوں کو۔ اور اللہ محبوب رکھتا ہے حسن عمل کرنے والوں کو ﴿١٣٤﴾
135. And those who, when they have committed an indecency or wronged themselves, remember Allah and seek forgiveness for their sins. And who can forgive the sins except Allah. And they do not persist in what they have done while they know.	وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۗ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۖ وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿١٣٥﴾	اور ان لوگوں کو جو اگر کر بیٹھیں کوئی کھلا گناہ یا کر گزریں ظلم اپنی جانوں پر تو (فوراً) یاد آجاتا ہے اُن کو اللہ پس معافی مانگتے ہیں وہ اپنے گناہوں کی اور کون ہے جو معاف کرے گناہوں کو سوائے اللہ کے اور نہیں اصرار کرتے وہ اپنے کیے پر جان بُوجھ کر ﴿١٣٥﴾
136. Those, their reward is forgiveness from their Lord, and gardens underneath which rivers flow, wherein they will abide forever. And excellent is the reward for the (righteous) workers.	اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿١٣٦﴾	یہی وہ لوگ ہیں کہ ہے صلہ اُن کا بخشش ان کے رب کی طرف سے اور جنتیں ایسی کہ بہتی ہیں ان کے نیچے نہریں، ہمیشہ رہیں گے وہ ان جنتوں میں اور کیا ہی خُوب ہے اجر نیک عمل کرنے والوں کا ﴿١٣٦﴾
137. Many ways of life have passed away before you. So travel in the land, and see how was the end of those who denied.	قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿١٣٧﴾	بے شک گزر چکے ہیں تم سے پہلے کئی دَور سو چلو پھرو زمین میں پھر دیکھو کیا ہُوا انجام جھٹلانے والوں کا ﴿١٣٧﴾

138. This (the Quran) is a declaration for mankind, and a guidance, and an admonition to those who fear (Allah).	هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿١٣٨﴾	یہ واضح تنبیہ ہے لوگوں کے لیے اور ہدایت ونصیحت ہے متقیوں کے لیے ﴿١٣٨﴾
139. And do not become weak, nor grieve, and you shall gain the upper hand if you are (true) believers.	وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٩﴾	اور نہ دل شکستہ ہو اور نہ غم کرو، تم ہی غالب رہو گے بشرطیکہ تم مومن ہو ﴿١٣٩﴾
140. If a wound has touched you, then surely a similar wound has touched the (other) people. And these are the days (of varying conditions) that We alternate among the mankind. And that Allah may know those who believe, and may choose witnesses from among you. And Allah loves not the wrongdoers.	اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ؕ وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٤٠﴾	اگر لگا ہے تم کو زخم (اُحد میں) تو بے شک لگ چکا ہے ان لوگوں کو بھی زخم ایسا ہی (بدر میں) اور یہ (کامیابی اور ناکامی کے) دن باری باری گردش دیتے ہیں ہم ان کو لوگوں کے درمیان اور (تم پر یہ وقت اس لیے لایا گیا) تا کہ ظاہر کرے اللہ ان لوگوں کو جو سچے مومن ہیں اور بنائے تم میں سے بعض کو شہید اور اللہ نہیں پسند کرتا ظالموں کو ﴿١٤٠﴾
141. And that Allah may purify those who believe, and destroy the disbelievers.	وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٤١﴾	اور تا کہ چھانٹ لے اللہ ان لوگوں کو جو ایمان والے ہیں اور زور توڑ دے کافروں کا ﴿١٤١﴾
142. Or do you think that you will enter Paradise, and Allah has not yet made evident those of you who strive in His cause, and made evident those who are steadfast.	اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿١٤٢﴾	کیا سمجھتے ہو تم یہ کہ داخل ہو جاؤ گے تم جنّت میں (یونہی) حالانکہ ابھی تک نہیں دیکھا اللہ نے ان لوگوں کو جنہوں نے جہاد کیا ہے تم میں سے اور وہ دیکھنا چاہتا ہے ثابت قدم رہنے والوں کو ﴿١٤٢﴾

143. And you did indeed wish for death (martyrdom) before you encountered it (in the battle field). So surely (now) you have seen it (openly) while you were looking on.	وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ ۖ فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۱۴۳﴾	اور بے شک تم تمنا کیا کرتے تھے موت کی پہلے اس سے کہ دوچار ہو تم اس سے۔ لو اب وہ تمہارے سامنے ہے اور تم نے اُسے کھلی آنکھوں دیکھ لیا ﴿۱۴۳﴾
144. And Muhammad is not but a messenger. Indeed, (many) messengers have passed away before him. So if he dies or is killed, would you turn back on your heels (as disbelievers). And he who turns back on his heels, will never harm Allah at all. And Allah will reward those who are grateful.	وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۭ اَفَاۗىِٕنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓي اَعْقَابِكُمْ ۭ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰي عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْـــًٔا ۭ وَسَيَجْزِي اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾	اور نہیں ہیں محمدؐ مگر ایک رسُول، بے شک ہو گزرے ہیں اس سے پہلے بھی بہت سے رسُول تو کیا پھر اگر وہ وفات پا جائیں یا قتل کر دیے جائیں تو پھر جاؤ گے تم اُلٹے پاؤں اور جو پھرے گا الٹے پاؤں تو ہرگز نہیں نقصان پہنچائے گا وہ اللہ کو ذرا بھی اور ضرور جزا دے گا اللہ اپنے شکر گزار بندوں کو ﴿۱۴۴﴾
145. And it is not (possible) for a person to die except by permission of Allah at a term appointed. And whoever desires a reward in (this) world, We shall give him thereof. And whoever desires a reward in the Hereafter, We shall give him thereof. And We shall reward those who are grateful.	وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ۭ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۭ وَسَنَجْزِي الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۵﴾	اور نہیں ہے (اختیار) کسی جان کو کہ وہ مرے بغیر اللہ کے حکم کے، لکھا ہُوا ہے (موت کا) وقتِ معین اور جو کوئی چاہے بدلہ (اپنے اعمال کا) دُنیا میں، دیتے ہیں ہم اس کو دُنیا میں ہی سے اور جو چاہے بدلہ آخرت کا، دیتے ہیں ہم اس کو آخرت میں سے اور ضرور صلہ دیں گے ہم اپنے شکر گزار بندوں کو ﴿۱۴۵﴾

146. And how many a prophet fought, (and) along with him (fought) many religious scholars. But they never lost heart to what afflicted them in Allah's way, nor did they weaken, nor were they brought low. And Allah loves the steadfast.	وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ ۙ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ ۚ فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ اَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَا ضَعُفُوْا وَمَا اسْتَكَانُوْا ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ۝	اور کتنے ہی نبی (گزر چکے ہیں) کہ جنگ کی اُن کے ساتھ مِل کر بہت سے اللہ والوں نے سو نہ تو پست ہمت ہوئے وہ ان مصیبتوں کی وجہ سے جو پہنچیں انھیں اللہ کی راہ میں اور نہ کمزوری دکھائی (دشمن کے آگے) اور نہ بے دست وپا ہو کر بیٹھے اور اللہ محبوب رکھتا ہے ثابت قدم رہنے والوں کو ۝
147. And their saying was nothing except that they said: "Our Lord, forgive us our sins, and our transgressions in our affairs, and establish our feet firmly, and give us victory over the disbelieving people."	وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَي الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝	اور نہ تھا ان کا قول (ایسے مواقع پر) مگر یہ دُعا: اے ہمارے رب! معاف فرما دے ہمارے گناہ اور بے اعتدالیاں جو ہم سے سرزد ہوئیں اپنے معاملات میں اور ثابت قدم رکھ ہمیں اور فتح عطا فرما ہمیں کافروں پر ۝
148. So Allah gave them the reward of this world, and the excellent reward of the Hereafter. And Allah loves those who do good.	فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝	سو عطا فرمایا اُن کو اللہ نے صلہ دنیا کا بھی اور بہترین اجر آخرت کا بھی اور اللہ محبوب رکھتا ہے نیک کام کرنے والوں کو ۝
149. O you who believe, if you obey those who disbelieve, they will turn you back on your heels, and you will then turn back as losers.	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَرُدُّوْكُمْ عَلٰٓي اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ۝	اے لوگو جو ایمان لائے ہو اگر تم کہا مانو گے ان لوگوں کا جنھوں نے کفر کیا تو پھیر لے جائیں گے وہ تم کو الٹے پاؤں تو ہو جاؤ گے تم پھر خسارہ اٹھانے والے ۝
150. But Allah is your protector, and He is the best of helpers.	بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ ۝	بلکہ اللہ ہی ہے جو دوست ہے تمہارا اور وہی سب سے بہتر مدد کرنے والا ہے ۝

151. We shall cast fear into the hearts of those who disbelieve because they ascribed partners with Allah that, for which He has sent no authority. And their abode will be the Fire. And evil is the abode of the wrongdoers.	سَنُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَآ اَشْرَكُوْا بِا للّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ وَ بِئْسَ مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ ۝	عنقریب ہم ڈالیں گے دلوں میں ان لوگوں کے جنہوں نے کفر کیا، تمہاری ہیبت اس وجہ سے کہ شریک کیا انہوں نے اللہ کے ساتھ ان کو کہ نہیں اُتاری اللہ نے اس بارے میں کوئی سند اور ٹھکانا اُن کا دوزخ ہے اور بہت بُرا ٹھکانا ہے ان ظالموں کا ۝
152. And Allah has certainly fulfilled His promise to you when you were killing them (your enemy) by His permission. Until (the moment) when you lost courage, and you disputed about the order (of Muhammad) and you disobeyed, after what He had shown you that which you love. Among you are some who desired the world, and among you are some who desired the Hereafter. Then He made you turn back from them (defeated), that He might test you. And He has surely forgiven you. And Allah is Most Gracious to the believers.	وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ ۚ حَتّٰٓى اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَآ اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ ۭ مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۚ ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ ۚ وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ ۭ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَلَي الْمُؤْمِنِيْنَ ۝	اور یقیناً سچ کر دکھایا تھا تم کو اللہ نے تو اپنا وعدہ جب بے دریغ قتل کر رہے تھے تم اُن کو اللہ کے حکم سے حتّٰی کہ جب ڈھیلے پڑ گئے تم خود ہی اور اختلاف کیا تم نے حکم کے بارے میں اور حکم عدولی کی تم نے بعد اس کے کہ دکھا دی تمہیں اللہ نے وہ چیز جو تمہیں محبوب تھی تم میں سے کچھ وہ تھے جو طلب گار تھے دُنیا کے اور تم میں سے کچھ وہ تھے جو طلب گار تھے آخرت کے تب پسپا کر دیا اللہ نے تمہیں دشمنوں کے سامنے سے تاکہ آزمائش کرے تمہاری اور حق یہ ہے کہ اللہ نے (پھر بھی) معاف کر دیا تمہیں ۔ اور اللہ بہت فضل والا ہے مومنوں پر ۝

153. When you climbed (the hill) without looking back at anyone, while the messenger was calling you from your behind. So He repaid you with distress upon distress, that you would not grieve for that which had escaped you, nor that which had befallen you. And Allah is All Informed of what you do.	إِذْ تُصْعِدُوْنَ وَلَا تَلْوٗنَ عَلٰٓى اَحَدٍ وَّ الرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِيْٓ اُخْرٰىكُمْ فَاَثَابَكُمْ غَمًّا بِغَمٍّ لِّكَيْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا مَآ اَصَابَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵۳﴾	جب تم منہ اُٹھائے بھاگے جا رہے تھے اور پلٹ کر نہ دیکھتے تھے کسی کی طرف اور رسُولؐ اللہ پکار رہے تھے تم کو تمہارے پیچھے سے، سو بدلہ دیا اللہ نے تم کو غم پر غم کی صُورت میں تاکہ نہ ملال کرو تم اس چیز کا جو چھن گئی تم سے اور نہ اس (مصیبت) کا جو پہنچی تم کو اور اللہ پُوری طرح باخبر ہے ہر اس بات سے جو تم کرتے ہو ﴿۱۵۳﴾

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ
اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً
مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ
اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللهِ غَيْرَ الْحَقِّ
ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۭ يَقُوْلُوْنَ هَلْ
لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ۭ قُلْ
اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ۭ يُخْفُوْنَ
فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ۭ
يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ
شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ۭ قُلْ
لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ
الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ
اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللهُ
مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ
مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَاللهُ
عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

154. Then after the distress, He sent down security upon you. Slumber overcoming a party of you, while (another) party, being anxious about themselves, thinking of Allah, other than the truth, the thought of ignorance. They said: "Is there for us anything in this matter." Say (O Muhammad): "Indeed, the matter completely belongs to Allah." They hide within themselves that which they will not reveal to you. Saying: "If there was anything for us (to do) in the matter, we would not have been killed here." Say: "Even if you had been in your homes, those for whom killing was decreed would certainly have gone forth to the places of their death." (It was) so that Allah might test what is in your breasts, and that He may purify what is in your hearts. And Allah is All Aware of what is (hidden) within the breasts .

پھر نازل فرمائی اللہ نے تم پر اس غم کے بعد
اطمینان کی کیفیت اونگھ (کی شکل میں) جو طاری ہوگئی
ایک گروہ پر تم میں سے اور ایک گروہ تھا
کہ بس فکر تھی ان کو محض اپنی ہی جانوں کی، گمان رکھتے تھے یہ
اللہ کے بارے میں جھوٹے، دَورِ جاہلیت کے سے گمان،
کہتے تھے کیا ہمارا بھی ہے اس معاملہ میں کچھ (عمل دخل)
کہو (اے پیغمبر) بے شک اختیار سارے کا سارا اللہ کا ہے
چھپائے ہُوئے ہیں یہ لوگ اپنے دلوں میں ایسی باتیں جو
نہیں ظاہر کرتے تم پر، کہتے ہیں اگر ہوتا ہمارا بھی
اختیارات میں کچھ حصّہ تو نہ مارے جاتے ہم اس جگہ
کہہ دو! اگر ہوتے تم اپنے گھروں میں بھی تو ضرور نکل آتے
وہ لوگ کہ لکھ دیا گیا تھا جن کی قسمت میں قتل ہونا،
اپنی قتل گاہوں کی طرف اور یہ اس لیے تھا کہ پرکھے اللہ
اس کو جو تمہارے سینوں میں ہے اور تاکہ صاف کردے
وہ کھوٹ جو تمہارے دلوں میں ہے اور اللہ
خُوب جانتا ہے دلوں کی باتوں کو ۝

155. Certainly, those who turned back among you on the day when the two armies met (at Uhad). It was only Satan who caused them to backslide (run away from the battlefield), because of some of that which they had earned. And Allah has surely forgiven them. Indeed, Allah is Oft Forgiving, Most Forbearing.	إِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۙ إِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا ۚ وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ ۗ إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿١٥٥﴾	بے شک وہ لوگ جو پیٹھ پھیر گئے تم میں سے ، جس دن باہم ٹکرائیں دو فوجیں اس کا سبب صرف یہ تھا کہ قدم ڈگمگا دیے تھے اُن کے شیطان نے بوجہ بعض ان حرکتوں کے جو وہ کر بیٹھے تھے بہرحال معاف کر دیا اللہ نے اُنہیں بے شک اللہ بہت معاف فرمانے والا، نہایت بردبار ہے ﴿١٥٥﴾
156. O you who believe, do not be like those who disbelieved, and said about their brothers when they traveled through the land, or they were out in fighting: "If they had been (here) with us, they would not have died, nor would have been killed." So that Allah may make it a cause of regret in their hearts. And it is Allah who gives life and causes death. And Allah is All Seer of what you do.	يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقَالُوْا لِإِخْوَانِهِمْ إِذَا ضَرَبُوْا فِي الْأَرْضِ أَوْ كَانُوْا غُزًّى لَّوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا قُتِلُوْا ۚ لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسْرَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۗ وَاللّٰهُ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿١٥٦﴾	ان کی طرح جو کافر ہیں اور کہتے ہیں اپنے بھائی بندوں کے بارے میں جب وہ سفر کرتے ہیں کسی سرزمین میں یا نکلتے ہیں جنگ کے لیے کہ اگر ہوتے وہ ہمارے پاس تو نہ مرتے اور نہ قتل کیے جاتے (ایسی بات کرنے کا نتیجہ یہ ہے) کہ بنا دیا ہے اللہ نے اس کو حسرت (کا سبب) اُن کے دلوں میں حالانکہ اللہ ہی زندہ رکھتا ہے اور مارتا ہے اور اللہ تمہارے عملوں پر نگران ہے ﴿١٥٦﴾
157. And if you are killed in the way of Allah or die, forgiveness from Allah and mercy are better than whatever they accumulate.	وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿١٥٧﴾	اور اگر قتل کیے جاؤ تم اللہ کی راہ میں یا مر جاؤ تو بخشش جو اللہ کی طرف سے ہوگی اور اس کی رحمت کہیں بہتر ہے ہر اس چیز سے جو لوگ جمع کرتے ہیں ﴿١٥٧﴾
158. And whether you die, or are killed, verily, unto Allah you shall be gathered.	وَلَئِنْ مُّتُّمْ أَوْ قُتِلْتُمْ لَإِلَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿١٥٨﴾	اور خواہ مرو تم یا قتل کیے جاؤ بہرحال اللہ ہی کے حضور پیش کیے جاؤ گے تم ﴿١٥٨﴾

159. So by the mercy from Allah, you (O Muhammad) were lenient with them. And if you had been stern, harsh of heart, they would have dispersed from around you. So pardon them, and seek forgiveness for them, and consult them in the affairs. Then when you have decided, then put your trust in Allah. Indeed, Allah loves those who put their trust (in Him).	فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ۖ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ ۚ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللهِ ۚ اِنَّ اللهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ﴿۱۵۹﴾	سو یہ کتنی بڑی رحمت ہے اللہ کی کہ ہو تم (اے محمد) نرم مزاج ان کے لیے اور اگر کہیں ہوتے تم سخت مزاج اور سنگدل تو ضرور منتشر ہو جاتے یہ تمہارے گرد و پیش سے سو تم معاف کر دو ان کو اور دُعائے مغفرت کرو اُن کے حق میں اور مشورہ لیتے رہو اُن سے دین کے کام میں پھر جب پختہ فیصلہ کر لو تم تو توکل کرو اللہ پر (اور کر گزرو) بے شک اللہ دوست رکھتا ہے توکل کرنے والوں کو ﴿۱۵۹﴾
160. If Allah helps you, then no one can overcome you. And if He forsakes you, then who is there who can help you after Him. And in Allah let the believers put their trust.	اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۗ وَعَلَى اللهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۶۰﴾	اگر مدد کرے تمہاری اللہ تو نہیں ہے کوئی غالب آنے والا تم پر اور اگر چھوڑ دے وہ تم کو تو کون ہے وہ جو مدد کرے تمہاری اس کے بعد اور محض اللہ ہی پر توکل کرنا چاہیے مومنوں کو ﴿۱۶۰﴾
161. And it is not (attributable) to any prophet that he would embezzle (in war booty). And whoever embezzles will come with what he embezzled on the Day of Resurrection. Then every soul will be paid in full what it has earned, and they will not be wronged.	وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ ۚ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۶۱﴾	اور نہیں ہے کسی نبی کی یہ شان کہ وہ خیانت کرے اور جو کوئی خیانت کرے گا، حاضر ہوگا اپنی خیانت کے ساتھ قیامت کے دن پھر پُورا پُورا ملے گا ہر جان کو بدلہ اس کا جو اس نے کمایا تھا اور اُن کے ساتھ ناانصافی نہ ہوگی ﴿۱۶۱﴾

162. Is then he who follows the pleasure of Allah like him who brings upon himself the anger from Allah, and his abode is Hell, and evil, indeed is that destination.	اَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ كَمَنْۢ بَآءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۶۲﴾	بھلا کیا وہ شخص جو چل رہا ہو اللہ کی رضا پر مانند اس شخص کے ہو سکتا ہے جو گھر گیا ہو اللہ کے غضب میں اور ٹھکانا ہو اس کا جہنّم جبکہ وہ بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے ﴿۱۶۲﴾
163. They are in varying degrees with Allah. And Allah is All Seer of what they do.	هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۳﴾	یہ (دو قسم کے) لوگ، درجے کے لحاظ سے مختلف ہیں اللہ کے نزدیک اور اللہ نگران ہے ہر اس عمل پر جو وہ کرتے ہیں ﴿۱۶۳﴾
164. Certainly, Allah conferred a great favor upon the believers when He raised from among them a messenger of their own, reciting to them His verses, and purifying them, and teaching them the Book (the Quran), and wisdom. While before that they had been in manifest error.	لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۶۴﴾	یقیناً بڑا احسان کیا ہے اللہ نے مومنوں پر کہ بھیجا ان میں ایک رسُول اُنہی میں سے جو پڑھ کر سُناتا ہے اُنہیں اللہ کی آیات اور تزکیۂ (نفس) کرتا ہے اُن کا اور تعلیم دیتا ہے اُن کو کتاب اللہ کی اور سکھاتا ہے ان کو حکمت۔ اگرچہ تھے وہ اس سے پہلے یقیناً کھُلی گمراہی میں ﴿۱۶۴﴾
165. And why (was it so) when a disaster struck you (in Uhad), although you had struck (them with a disaster) twice as (great in Badr), you said: "From where is this." Say (O Muhammad): "It is from yourselves." Indeed, Allah has power over all things.	اَوَلَمَّآ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا ۙ قُلْتُمْ اَنّٰى هٰذَا ؕ قُلْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۶۵﴾	کیا (ایسا نہیں ہُوا) کہ جب پہنچی تم کو (کوئی) مصیبت جبکہ پہنچا چکے تھے تم اس سے دگنی مُصیبت (دشمنوں کو بدر میں) تو تم نے کہا! کہاں سے آگئی یہ؟ کہہ دو! یہ مُصیبت تمہاری اپنی ہی لائی ہوئی ہے، بے شک اللہ ہر بات پر پُوری طرح قادر ہے ﴿۱۶۵﴾

166. And that which befell you, on the day (of Uhad) when the two armies met, was by permission of Allah, and that He might know the true believers.	وَمَآ اَصَابَكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٦٦﴾	اور جو نقصان پہنچا تم کو اس دن جب ٹکرائیں دو فوجیں سو (پہنچا وہ) اللہ کے اذن سے اور اس لیے بھی کہ دیکھ لے اللہ ان کو جو مومن ہیں ﴿١٦٦﴾
